نعت

علی محسن صدیقی

نعت اور احمد مرسل کی بھلا کیا کہیے
جو ہو ممدوح خدا، اس کی ثنا کیا کہیے

وجہِ تکوین وہی، موجب تحسین وہی
سرّ تمکین وہی، اس سے سوا کیا کہیے

قدوۂ اہلِ صفا، نخبۂ اربابِ وفا
صاحبِ خلقِ خدا، شانِ خدا کیا کہیے

آدمیت کا بھرم، رحمتِ اہلِ عالم
مخزنِ جود وکرم، کنیز سخا، کیا کہیے

قامعِ جور و جفا، دافعِ رنج و بلا
شافعِ روزِ جزا، کیفِ وریٰ کیا کہیے

ظلمتِ کفر میں ایمان کے مہر انور
دین و دانش کی ضیا، نور ہدیٰ کیا کہیے

بزم امکان سجائی گئی جس کی خاطر
آپؐ کی ذات ہے وہ 'صل علیٰ' کیا کہیے

محسن ہیچ مداں غرقِ معاصی ہے، مگر
ہے غلام شہ لولاک برا کیا کہیے٭